Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# سالا خان کاکڑ کی ٹویٹ پر پاکستان تحریک انصاف کا ردّ عمل

بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سے جیل میں ملاقات کیلئے ناموں کے انتخاب کا طریقۂ کار متعدد مرتبہ واضح کیا جا چکا ہے،

اس مربوط طریقۂ کار کے تحت بانی چیئرمین عمران خان کی منظوری سے ہی پارٹی رہنماؤں کی جیل میں ملاقات ممکن ہے،

جیل انتظامیہ کی جانب سے گنتی کے چند افراد کو ملاقات کی اجازت کے باعث سب کیلئے بیک وقت بانی چیئرمین عمران خان سے ملاقات کرنا ممکن نہیں،

ملاقات کے لئے افراد کے انتخاب کے طریقۂ کار میں پارٹی کے کسی ذمہ دار کی انفرادی صوابدید کا ہرگز کوئی کردار نہیں،

ملاقات کیلئے مجوزہ افراد کی فہرست منظوری کیلئے بانی چیئرمین عمران خان کے سامنے پیش کی جاتی ہے اور وہی حتمی ناموں کی منظوری دیتے ہیں،

اس معاملے میں جماعت کے کسی بھی ذمہ دار کو موردِ الزام ٹھہرانا نہایت نامناسب اور جماعتی نظم و ضبط کے خلاف ورزی ہے،

پارٹی قائدین اندازہ و قیاس پر آرا قائم کرنے کی بجائے ملاقات کے طریقۂ کار کی پیروی کریں،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ